الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل:darulifta@gmail.com ویب سائٹ:www.jamiabinoria.net فون:2560300-2560400 فیکس:2564586

Name :> **abid khan**
Address :> **Karachi Pakistan**
Subject :> **WIRASAT**
Writer :> عبدالواحد

Serial No :> **9567**
Fatwa No :>
Date :> **9/3/2010**
Email :>

Janab Mufti Sahib
Assalam-o-allaikum
Mairy betay nay apni biwi ko talaq day di hay aur usany apni biwi ka haq mehar to ada kardya hay magr nikah nama may aik shart likhi hay ka ladky k makan ka taisra hassa (1/3 hasa) ladki ko milay ga. Ab jab k makan maira hay aur may khud zinda hayat hoin. May nay suna hay ki jab insane zinda hoto miras taqseem naheen hoti magar hamari majboori hay. Aur ham nay uski taqseem ham nay 2 trah si ki hay. Please wazahat farmaen islam k mutabaq konsa tareeqa theek hay.

Makan ki market value 700,000/-

Taqseem-01

| | | | |
|---|---|---|---|
| Maira Share | : | 68,056 x 1 = | 68,055 |
| 03 Baity | : | 68,056 x 3 = | 204,167 |
| 05 Baitian | : | 68,056 x 5 = | 340,278 |
| Biwi | : | 87,500 x 1 = | 87,500 |
| | | Total | 700,000 |

Mariy baity ki matalqa biwi ko uskay hissay 68,056 / 3 = 22,685 mily ga.

Taqseem-02

| | | | |
|---|---|---|---|
| Maira Share | : | 94,231 x 1 = | 94,231 |
| 03 Baity | : | 94,231 x 3 = | 282,693 |
| 05 Baitian | : | 47,115 x 5 = | 235,576 |
| Biwi | : | 87,500 x 1 = | 87,500 |
| | | Total | 700,000 |

Mariy baity ki matalqa biwi ko uskay hissay 94,231 / 3 = 31,410 mily ga.

Please yeah batadain konsa tareeqa theek hay ya don ghalt hain agar dono ghalt hain to aap taqseem kardain. Mehrbani hogi. Shukria

جناب مفتی صاحب - السلام علیکم ! میرے بیٹے نے اپنی بیوی کو طلاق دے دی ہے اور اس نے اپنی بیوی کا حقِ مہر تو ادا کردیا ہے مگر نکاح نامہ میں ایک شرط لکھی ہے کہ لڑکا کا مکان کا تیسرا حصہ (۱/۳) لڑکی کو ملے گا اب جب کہ مکان میرا ہے اور میں خود زندہ حیات ہوں میں نے سُنا ہے کہ جب انسان زندہ ہو تو میراث تقسیم نہیں ہوتی مگر ہماری مجبوری ہے اور ہم نے اس کی تقسیم دو طرح سے کی ہے مہربانی فرما کر وضاحت فرمائیں اسلام کے مطابق کونسا طریقہ ٹھیک ہے - مکان کی مکان ویلیو سات لاکھ ہیں - یا دونوں غلط ہیں اگر دونوں غلط ہیں تو آپ تقسیم کردیں مہربانی ہوگی شکریہ -

الجواب حامداً ومصلیاً

یہ بات تو درست ہے کہ زندگی میں ہر شخص اپنے مال و متاع اور جائیداد کا تنہا مالک ہوتا ہے کسی دوسرے کو اس سے مطالبے کا حق حاصل نہیں مگر یہ شرط بوقت تحریر آپ کی رضامندی اور اجازت سے لکھی گئی ہو تو اس صورت میں مذکور مکان کے ایک تہائی حصہ کی مقدار آپ کی مطلقہ بہو کا ہے اگر وہ چاہے تو اس مکان کی کل مالیت سے ایک تہائی یا کچھ رقم لیکر مکان کے مطالبے سے دستبردار ہو سکتی ہے اور اگر بوقت تحریر آپ سے اجازت نہیں لی گئی یا آپ نے اپنی رضامندی کا اظہار نہیں کیا تھا یا اس کے علاوہ کوئی صورت تھی تو اس کی مکمل وضاحت کرکے اس سوال کو دوبارہ ای میل کردیں ان شاء اللہ حکم شرعی سے بھی آگاہ کردیا جائے گا۔

کما فی مرقاۃ المفاتیح: تحت هذا الحديث "ألا لا تظلموا ألا لا يحل مال امرئ الا بطيب نفس منه" اى بامر أو رضا الخ — (جلد ٦ ص ١٢٩) —

وفی الفقه الإسلامی وأدلته: ان كان الشرط صحيحا يلائم مقتضى العقد ولا يتنافى مع أحكام الشرع وجب الوفاء به كاشتراط المرأة أن يسكنها وحدها في منزل لا مع أهله او مع ضرتها أو ألا يسافر بها سفرا بعيدا الا باذن أهلها الخ — (جلد ٧ ص ٥٢) — والله أعلم بالصواب

محمد عبد الواحد عفا اللہ عنہ
دارالافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
٢٠ ذالحجہ ١٤٣١ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر ریحان عفا اللہ عنہ
دارالافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
٢٥ ذی الحجہ ١٤٣١ھ

الجواب صحیح
عبداللہ شوکت
دارالافتاء جامعہ بنوریہ
٢١ ذی الحجہ ١٤٣١ھ

رئیس دارالافتاء جامعہ بنوریہ

٩٥٦٧
٨/١٢/١٠